DelhiPosted at: 06-04-2018 15:43:03

بیسواں مشاعرہ جشنِ بہار 13اپریل کو

نئی دہلی،06اپریل(ہ س)۔

ادبی محفلوں کے انعقاد میں مشاعرہ جشنِ بہار کی منفرد و مضبوط روایت رہی ہے۔اردو شاعری کے بحرِ بیکراں سمندر سے نایاب موتیوں کی شکل میں ہر سال جشنِ بہار کے پلیٹ فارم سے ملک اور بیرونی ممالک کے ہم عصرشعراءملک کی راجدھانی دہلی میں اپنابہترین کلام مشاعرے کے شائقین کے روبرو پیش کرتے رہے ہیں۔واضح ہو کہ اس سال 13اپریل کو مشاعرہ جشنِ بہار اپنا 20 واں جشن منارہاہے۔اس موقع پر مہمان، خصوصی ہیں کلاسیکی رقص کتھک کی دنیا کے آفتاب پنڈت برجو مہاراج اورمشاعرہ کی صدارت کریں گے سابق الیکشن کمشنر ڈاکٹر ایس وائی قریشی۔جشنِ بہار ٹرسٹ کی جانب سے 13 اپریل بروز جمعہ مشاعرہ جشنِ بہار دہلی پبلک اسکول متھراروڈ پر شام ساڑھے چھ بجے منعقد ہوگا۔' اردو زبان ہماری ہمہ جہت تہذیب کی آئینہ دار ہے۔بین العقوامی سطح پر اس شیریں زبان نے اپنے تاریخی سفر میں ساری دنیا میں لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائی ہے۔یہ کہنا ہے اس تاریخ ساز مشاعرہ کی روح، رواں، جشنِ بہار ٹرسٹ کی بانی اور اردو ایکٹوسٹ محترمہ کامنا پرساد کا۔انہوں نے بتایا کہ ' شاہوں کے دربار سے ہوتے ہوئے مشاعروں نے عوام سے رشتے استوار کئے۔مشاعرہ جشنِ بہار نے اس سفر میں جو تاریخ ساز رول نبھایا ہے۔اسکے گواہ ہیں اس دور کے سامعین ، جنہیں جشنِ بہار کا بیتابی سے انتظار رہتا ہے۔گزشتہ دو دہائیوں سے ہماری بھی کوشش رہی ہے کہ ملک اور ملک سے باہراردو شاعری کی نئی آوازوں اور ادبی رجحانوں کی نمائندگی کرنے والے معتبرشعراءکو اپنے سامعین سے متعارف کرائیں۔لہٰذا جاپان، امریکہ، کناڈا، سعودی عرب اوربنگلہ دیش کے علاوہ ہندوستان سے دورِ حاضر کے نامور شعراءاپنے کلام سے سامعین کو محظوظ کریں گے۔جبکہ اس ادبی شام میں اوساکا، جاپان سے نوجوان شاعر اُردو کے جدید و منفرد لہجے میں ہم کلام ہوں گے۔آگے انہوں نے کہا کہ'بقول فیض احمد فیض ہم پرورشِ لوح وقلم کرتے رہیں گے۔مشاعرہ جشنِ بہار کے بیک ڈراپ میں فیض کے اس مصرعہ پر عالمی شہرت یافتہ فنکار ایم ایف حسین کی بنائی ہوئی خوبصورت کیلیگرافی نظر آتی ہے۔'مشاعرہ میں

شرکت کرنے والے شعراءواشنگٹن ڈی سی (امریکہ) سے ڈاکٹرعبداللہ عبداللہ، نیوجرسی (امریکہ) سے فرحت شہزاد، ٹورنٹو (کناڈا) سے ڈاکٹر تقی عابدی، اوساکا (جاپان) سے پروفیسر سویمانے، جدّہ (سعودی عرب) سے جناب عمر سالم العیدروس اور ڈھاکہ (بنگلہ دیش) سے جلال عظیم آبادی اپنا تازہ کلام پیش کریں گے۔ہندوستان کے مختلف علاقوں سے شرکت کر رہے شعراءکرام کے نام اسطرح ہیں۔پروفیسر وسیم بریلوی، جناب منصور عثمانی ، پاپولرمیرٹھی، شبینہ ادیب صاحبہ، جناب لکشمی شنکرواجپیئی، جناب گوہررضا، دیپتی مشرا، اقبال اشہر، پروفیسر مینو بخشی ، ریحانہ نواب ، ڈاکٹر لیاقت جعفری، اور حسین حیدری،معروف شاعر منصور عثمانی مشاعرہ جشنِ بہار کی نظامت کے فرائض انجام دیں گے۔مشاعرہ جشنِ بہار۔2018 کے انعقاد میں تعاون کرنے میں ایم آر مومارکا فاونڈیشن، رورل الیکٹریفکیشن کارپوریشن لمیٹڈ (آر ای سی)، ٹکشلا ایجوکیشنل سوسائٹی، ٹاٹا سروسیز لمیٹیڈ،او این جی سی کارپوریشن لمیٹیڈ، انڈئن آئل کارپوریشن لمیٹیڈ، دھام پور شوگر ملزلمیٹیڈ اور دہلی پبلک اسکول، متھرا روڈ دہلی وغیرہ شامل ہیں۔

ہندوستھان سماچار۔اویس